پریس ریلیز

مورخہ:23دسمبر2025

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب، سید فرہاد علی شاہ نے 23 دسمبر 2025 کو اپنے دفتر میں کرسمس کی مناسبت سے ایک پُر وقار تقریب کا انعقاد کیا۔

اس تقریب میں ایڈیشنل اٹارنی جنرل راجہ خرم، پی ایس او / ڈائریکٹر (ایڈمن) ارشد فاروقی، پبلک ریلیشن آفیسر / ڈی پی جی رقیہ امبرین سمیت دیگر افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے مسیحی برادری کو کرسمس کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں تمام مذاہب کے ماننے والوں کو آئین کے تحت مکمل آزادی اور مساوی حقوق حاصل ہیں۔ انہوں نے کرسمس کے تہوار کو امن، محبت، رواداری اور بھائی چارے کا پیغام قرار دیا اور کہا کہ ایسے مواقع اداروں میں مثبت ماحول اور باہمی احترام کو فروغ دیتے ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل راجہ خرم نے بھی کرسمس کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مختلف مذاہب کے تہواروں کو مل جل کر منانا قومی یکجہتی اور ہم آہنگی کی علامت ہے۔ پی ایس او / ڈائریکٹر (ایڈمن) ارشد فاروقی اور پی آر او / ڈی پی جی رقیہ امبرین نے تقریب میں شریک تمام افسران و اہلکاروں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ دفتر میں اس طرح کی تقریبات باہمی تعاون اور یکجہتی کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔

تقریب کے اختتام پر کیک کاٹا گیا اور ملک میں امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

:جاری کردہ

رقیہ امبرین

پبلک ریلیشن آفیسر (پی آر او) / ڈی پی جی

دفتر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب